PECTAA
Transformation, Innovation and Excellence

Pairing Scheme of Urdu-12 [Smart Syllabus]

امتحانی پرچہ اُردو (لازمی) برائے بارھویں جماعت (XII) کے لیے ہدایات [سمارٹ سلیبس]

اُردو لازمی برائے بارھویں جماعت (XII) کا پرچہ 100 نمبروں پر مشتمل ہوگا۔ معروضی طرز 20 نمبروں پر مشتمل ہوگا اور اس کا وقت 20 منٹ ہوگا۔ انشائی طرز 80 نمبروں پر مشتمل ہوگا اور اس کا وقت 2 گھنٹے 40 منٹ (2:40) ہوگا۔

نوٹ: بورڈ کے امتحان میں؛ مصنفین اور شعرا کے تعارف میں سے کسی قسم کا سوال نہیں پوچھا جائے گا۔

پرچہ مرتبین درج ذیل ہدایات کو پیشِ نظر رکھیں:۔

معروضی طرز

سوال	نمبر	ہدایات
سوال:1 کثیر الانتخابی سوالات (MCQs)	کل نمبر:20	**نصابی کتاب:** مجوزہ حصہ نثر میں سے پانچ (5) کثیر الانتخابی سوالات (MCQs) بنائے جائیں۔ ہر سبق میں سے ایک سے زیادہ MCQs نہ بنائے جائیں۔ **حصہ قواعد:** اس حصے میں کل پندرہ (15) سوالات ہوں گے: ☆ **مطابقت:** مطابقت کے درست استعمال (پیکٹا کی اُردو قواعد و انشا ص 21 تا 22 اور 29 تا 30) سے متعلق 2 سوالات اور حروف کے درست استعمال (پیکٹا کی اُردو قواعد و انشا ص 16 تا 17) سے متعلق 3 سوالات بنائے جائیں۔ ☆ **رموزِ اوقاف** رموزِ اوقاف سے متعلق 5 سوالات بنائے جائیں۔ (پیکٹا کی اُردو قواعد و انشا ص 13 تا 15) ☆ **اِمدادی افعال** اِمدادی افعال سے متعلق 5 سوالات بنائے جائیں۔ (پیکٹا کی اُردو قواعد و انشا ص 18 تا 21)

انشائی طرز

سوال	نمبر	ہدایات
سوال:2 **اشعار کی تشریح** **(نظم وغزل)**	کل نمبر:20 جز(الف):10 نمبر	**مجو(الف) حصہ نظم:** مجوزہ چھے (6) نظموں میں سے کوئی دو نظموں کے دو اجزا کا انتخاب کیا جائے۔ ایک جُز کا انتخاب پہلی تین (3) نظموں (حمد، نعت، اِنسان کامل کی برکات) میں سے جب کہ دوسرے جُز کا انتخاب آخری تین (3) نظموں (داستان تیاری میں باغ کی، ثمار میں تری گلیوں کے ۔۔۔، میں روزے سے ہوں) میں سے کیا جائے۔ ہر نظم سے دو اشعار تشریح کے لیے منتخب کریں۔ طلبہ ان میں سے کسی ایک جُز کی تشریح کریں گے۔ نمبروں کی تقسیم: [نظم کا عنوان:01 نمبر، شاعر کا نام:01 نمبر، تشریح:08 نمبر، کل نمبر 10]
	جز(ب):10 نمبر	**مجو(ب) حصہ غزل:** مجوزہ چار (4) غزلوں میں سے دو غزلیہ اجزا (تین تین اشعار پر مبنی) دو الگ الگ غزلوں میں سے انتخاب کریں۔ ایک جُز کا انتخاب پہلی دو (2) غزلوں (میر درد، مرزا غالب) میں سے جب کہ دوسرے جُز کا انتخاب آخری دو (2) غزلوں (علامہ اقبالؒ، ادا جعفری) میں سے کیا جائے۔ طلبہ کو ان میں سے کسی ایک جُز کے تین اشعار کی الگ الگ تشریح کرنے کی ہدایت کریں۔ نیز تشریح لکھتے ہوئے غیر ضروری طوالت سے گریز کیا جائے۔ نمبروں کی تقسیم: [شاعر کا نام:01 نمبر، تشریح:03+03+03=09 نمبر، کل نمبر 10]
سوال:3 **پیراگراف کی تشریح مع سیاق و سباق اور حوالۂ متن**	کل نمبر:15	مجوزہ چھے (6) نثری اسباق میں سے، پہلے تین (3) اسباق (ہجرتِ حبشہ، ماں جی، کافی) اور آخری تین (3) اسباق (رستم و سہراب، مینار، نظریۂ پاکستان) میں سے ایک ایک پیراگراف تشریح کے لیے دیا جائے۔ طلبہ دو (2) میں سے کسی ایک پیراگراف کی تشریح کریں گے۔ نمبروں کی تقسیم: [مصنف کا نام:01 نمبر، سبق کا عنوان:01 نمبر، سیاق و سباق:03 نمبر، تشریح:10 نمبر، کل نمبر 15]

سوال:4 نثری سبق کا خلاصہ	کل نمبر:10	مجوزہ چھے(6) نثری اسباق میں سے، پہلے تین(3) اسباق (ہجرتِ حبشہ، ماں جی، کافی) اور آخری تین (3) اسباق (رستم وسہراب، مینار، نظریۂ پاکستان) میں سے ایک ایک سبق منتخب کیا جائے۔ دیے گئے دو(2) اسباق میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ درکار ہے۔ طلبہ مصنف کا نام بھی لکھیں گے۔ نمبروں کی تقسیم: [مصنف کا نام:01 نمبر، سبق کا خلاصہ:09 نمبر، کل نمبر 10]
سوال:5 نظم کا خلاصہ یا مرکزی خیال	کل نمبر:5	مجوزہ چھے(6) نظموں میں سے، پہلی تین(3) نظموں (حمد، نعت، انسان کامل کی برکات) میں سے ایک نظم اور آخری تین (3) نظموں (داستان تیاری میں باغ کی، نثار میں تری گلیوں کے۔۔۔، میں روزے سے ہوں) میں سے ایک نظم منتخب کی جائے۔ دی گئیں دو(2) نظموں میں سے کسی ایک نظم کا خلاصہ یا مرکزی خیال پوچھا جائے۔ نمبروں کی تقسیم: [شاعر کا نام:01 نمبر، نظم کا خلاصہ یا مرکزی خیال:04 نمبر، کل نمبر 05]
سوال:6 مضمون نویسی	کل نمبر:20	پیکٹا کی اُردو قواعد وانشا (ص146 تا192) میں شامل (نمونہ، مجوزہ) مضامین میں سے کوئی تین عنوانات کا اِنتخاب کیا جائے۔ نمونے کے مضامین میں سے دو(2) جبکہ مجوزہ مضامین میں سے ایک (1) عنوان منتخب کیا جائے۔ طلبہ ان تین عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیں گے۔ مضمون کی طوالت کم وبیش اُردو قواعد انشا میں دیے گئے نمونے کے مضامین کے مطابق ہو۔
سوال:7 مکتوب نگاری یا آپ بیتی	کل نمبر:10	طلبہ کو دیے گئے خط اور آپ بیتی میں سے کوئی ایک تحریر کرنے کی ہدایت کریں۔ (خط برطابق پیکٹا کی اُردو قواعد انشا ص79 تا89 اور آپ بیتی برطابق پیکٹا کی اُردو قواعد انشا ص114 تا128) نمبروں کی تقسیم برائے خط (مکتوب نگاری): [طرزِ تخاطب: 1 نمبر، تاریخ تحریر: 1 نمبر، القاب وآداب: 1 نمبر، نفسِ مضمون: 6 نمبر، مکتوب نگار کا نام وپتا: 1 نمبر، کل نمبر 10]

